Urdu | اردو

# 2026 میں پرائمری سکول میں داخلہ



سکول کا آغاز بچوں، والدین اور کیئررز کے لیے بڑی خوشی کا وقت ہوتا ہے۔ ہم داخلے کے عمل کو آپ کے لیے ہر ممکن حد تک آسان بنانا چاہتے ہیں۔

وکٹوریہ میں تعلیمی و تربیتی اصلاحات کے ایکٹ 2006 کی رو سے بچوں کو اپنے رہائشی علاقے کے معیّنہ سکول (اپنے 'لوکل سکول') میں پڑھنے کا حق حاصل ہے۔

آپ کسی ایسے سکول میں داخلے کی درخواست بھی دے سکتے ہیں جو آپ کا لوکل سکول نہ ہو۔ وہ سکول اپنی داخلہ پالیسی کے مطابق آپ کی درخواست پر غور کرے گا۔ داخلہ پالیسی کے متعلق مزید معلومات کے لیے Enrolling in school صفحہ دیکھیں۔

## فاؤنڈیشن (پریپ) کی نئی ٹائم لائن جو پوری سٹیٹ کے لیے واجب ہے

پرائمری سکول کے پہلے سال کو فاؤنڈیشن یا پریپ کہا جاتا ہے۔ ہم نے وکٹوریہ کے تمام گورنمنٹ پرائمری سکولوں کے لیے فاؤنڈیشن میں داخلے کی ٹائم لائن کا اعلان کر دیا ہے جس پر عمل کیا جائے گا (صفحہ 4 دیکھیں)۔ اس ٹائم لائن کا مقصد آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دینا ہے کہ آپ اپنے بچے کو تعلیمی سال 2026 میں فاؤنڈیشن میں کب اور کیسے داخل کروا سکتے ہیں۔

## مجھے اپنے بچے کو پرائمری سکول کے پہلے سال میں کب داخل کروانا چاہیے؟

بچہ صرف اس سال میں ہی سکول شروع کر سکتا ہے جس سال 30 اپریل تک اس کی عمر 5 سال ہو چکی ہو۔

جن بچوں کی عمر 6 سال ہو چکی ہو، ان کے لیے سکول کی تعلیم لازمی ہے۔

اپنے بچے کو تعلیمی سال 2026 میں وکٹورین گورنمنٹ پرائمری سکول میں داخل کروانے کے لیے 25 جولائی 2025 تک سکول کو داخلے کی درخواست دے دیں۔

## میں بچے کو پرائمری سکول کے پہلے سال میں کیسے داخل کرواؤں؟

بچے کو پرائمری سکول کے پہلے سال میں داخل کروانے کے لیے ان مراحل پر عمل کریں:

1. Find my School ویب سائیٹ پر اپنا لوکل سکول تلاش کریں (نیچے دیکھیں)۔
2. سکول کا دورہ بُک کرنے یا سکول اور داخلے کی درخواست کے طریقے کے متعلق مزید جاننے کے لیے گورنمنٹ پرائمری سکول سے رابطہ کریں۔
3. Enrolling in Foundation (Prep) صفحے سے فاؤنڈیشن (پریپ) میں داخلے کا معلوماتی پیک ڈاؤن لوڈ کریں۔ یہ پیک منگل 22 اپریل 2025 سے مہیا ہو گا اور اس میں داخلہ فارم بھی ہو گا۔ سکول بھی آپ کو اس فارم کی ایک کاپی بھرنے کے لیے دے سکتا ہے۔
4. **جمعہ 25 جولائی 2025 تک** فاؤنڈیشن میں داخلے کی درخواست جمع کروا دیں۔

5. آپ کو **پیر 28 جولائی اور جمعہ 8 اگست 2025 کے درمیان** آپ کی درخواست کے نتیجے سے آگاہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کو آفر ملے تو آپ کو **جمعہ 22 اگست 2025 تک** آفر قبول کر لینی چاہیے۔
6. **ٹرم 4، 2025 میں** داخلوں اور سکول کے آغاز کے متعلق معلوماتی سیشنوں میں شریک ہوں۔
7. آپ کا بچہ **بدھ 28 جنوری 2026 سے** فاؤنڈیشن شروع کرے گا۔

## میں اپنا لوکل سکول کیسے تلاش کروں؟

Find my School ویب سائیٹ پر مندرجہ ذیل مراحل پورے کر کے اپنا لوکل سکول تلاش کریں۔

1. اپنے براؤزر میں Findmyschool.vic.gov.au ٹائپ کریں۔
2. ‘Enter your address to get started’ کے نیچے اپنا مستقل رہائشی پتہ اینٹر کریں۔
3. ‘Enrolment year’ کے نیچے 2026 چنیں۔ نوٹ: 2026 کے سکول زونز ٹرم 1، 2025 کے اواخر میں بتائے جائیں گے۔
4. ‘School type’ میں Primary چنیں۔

پھر آپ کو نقشے میں آپ کا پتہ، آپ کا لوکل سکول، اور بائیں طرف سکول کی رابطہ تفصیلات نظر آئیں گی۔ اگر آپ نیچے سکرول کریں تو آپ کے پتے کے پانچ قریب ترین سکول بھی دکھائی دیں گے۔

آپ ‘Search for school’ کے نیچے سکول کا نام ٹائپ کر کے بھی سکول تلاش کر سکتے ہیں۔

## کیا میرا بچہ ایسے گورنمنٹ پرائمری سکول میں درخواست دے سکتا ہے جو ہمارا لوکل سکول نہیں ہے؟

ہاں، آپ اپنے لوکل سکول کے علاوہ دوسرے سکولوں کو بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ سکول داخلہ پالیسی اور اپنی گنجائش کے مطابق میں آپ کی درخواست پر غور کرے گا۔ آپ Enrolling in school صفحے پر یہ معلومات لے سکتے ہیں کہ درخواستوں کو کن بنیادوں پر ترجیح دی جاتی ہے۔

## اگر مجھے خط ملے کہ میری داخلے کی درخواست نامنظور ہو گئی ہے تو کیا ہو گا؟

آپ کو کسی اور سکول میں داخلے کی درخواست دینی چاہیے۔ آپ کے بچے کو اس کے لوکل سکول میں داخلہ ملنے کی گارنٹی حاصل ہے۔ بچے کے لوکل سکول کا تعین اس کے مستقل رہائشی پتے کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ اپنے بچے کا لوکل سکول تلاش کرنے کے لیے Find my School دیکھیں۔ Enrolling in school صفحے سے بھی آپ کو داخلے کے سلسلے میں اپنے بچے کے پتے کی تصدیق کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

آپ فیصلے کے خلاف اپیل بھی کر سکتے ہیں۔ Enrolling in Foundation (Prep) صفحے پر معلومات موجود ہیں کہ داخلے کی درخواست کے نتیجے پر اپیل کرنے کا کیا طریقہ ہے۔

## اگر میں داخلوں کے لیے مقررہ وقت کے اندر درخواست نہ دے سکوں تو کیا ہوگا؟

آپ تعلیمی سال 2026 کے لیے اپنے بچے کے فاؤنڈیشن میں داخلے کی درخواست ٹرم 2، 2025 کے بعد سے کسی بھی وقت دے سکتے ہیں۔

اگرچہ آپ کو جمعہ 25 جولائی 2025 تک درخواست دینے کو کہا جاتا ہے، ان گھرانوں کی درخواستیں اس تاریخ کے بعد بھی قبول کر لی جائیں گی جنھوں نے داخلوں کے لیے مقررہ وقت کے اندر درخواست نہیں دی تھی یا جنھوں نے اپنی مستقل رہائش بدلی ہو یا جو وکٹوریہ میں نئے آئے ہوں۔

ڈیپارٹمنٹ کی داخلہ پالیسی کے مطابق، 25 جولائی 2025 کے بعد دی جانے والی داخلے کی درخواستوں کے سلسلے میں سکول درخواست ملنے پر کارروائی شروع کر دیں گے۔

## پرائمری سکول میں داخلے کے متعلق مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

آپ فاؤنڈیشن میں داخلے کے طریق کار کے متعلق مزید معلومات اپنے لوکل پرائمری سکول سے مانگ سکتے ہیں۔

ٹرم 2، 2025 کے شروع میں آپ کو Enrolling in Foundation (Prep) صفحے پر فاؤنڈیشن میں داخلے کے متعلق معلوماتی پیک بھی مل سکتا ہے۔

اگر آپ کو معلوماتی پیک کے ترجمے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی اپنے لوکل پرائمری سکول سے بات کریں۔

## میں مدد کے لیے کس سے رابطہ کروں؟

آپ جس پرائمری سکول کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں، اس سکول کے ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر، انرولمنٹ آفیسر یا پرنسپل داخلے کے بارے میں آپ کے سوالات کے جواب دے سکتے ہیں۔

## کارآمد لنکس

براہ مہربانی نیچے کچھ کارآمد لنکس دیکھیں جن سے آپ کو اپنے بچے کے پرائمری سکول کے آغاز پر مدد مل سکتی ہے:

اپنا سکول تلاش کریں - findmyschool.vic.gov.au

سکول زونز کے متعلق معلومات - vic.gov.au/school-zones

فاؤنڈیشن (پریپ) میں داخلہ - vic.gov.au/enrolling-foundation-prep

سکول میں داخلہ - vic.gov.au/how-choose-school-and-enrol

معذوری اور سب کو شامل رکھنے والی تعلیم - vic.gov.au/disability-and-inclusive-education

ریجنل آفس سے رابطہ - vic.gov.au/office-locations-department-education

# 2025-26 میں مقررہ تاریخیں

| 2025 کی تاریخیں | کام |
|---|---|
| **ٹرم 2: منگل 22 اپریل 2025 - جمعہ 4 جولائی 2025** | |
| **ٹرم 1 اور ٹرم 2، 2025** | پرائمری سکول 2026 میں اپنے بچے کے فاؤنڈیشن (پریپ) میں داخلے کے خواہاں گھرانوں کے لیے ٹؤرز، معلوماتی سیشن اور دوسری سرگرمیاں کریں گے۔ |
| **ٹرم 2، 2025 کے آغاز تک** | findmyschool.vic.gov.au پر 2026 کے سکول زونز مشتہر کیے جائیں گے<br>والدین اور کیئررز کو findmyschool.vic.gov.au پر جا کر 2026 میں اپنے مقررہ مقامی سکول (لوکل سکول) کا پتہ کرنا چاہیے۔<br>والدین اور کیئررز Enrolling in Foundation (Prep) صفحے سے داخلوں کے متعلق معلوماتی پیک ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ |
| **ہفتہ 1، ٹرم 2 -2025 سے** | ممکن ہے پرائمری سکول متعلقہ گھرانوں اور اپنی مقامی کمیونٹی میں داخلوں کے متعلق معلوماتی پیک تقسیم کریں۔ |
| **ہفتہ 1، ٹرم 2 -2025 سے** | سکول داخلے کی درخواستیں لینا شروع کرتے ہیں - والدین اور کیئررز اس تاریخ سے گورنمنٹ پرائمری سکول کو اپنی مکمل کی ہوئی داخلہ درخواست دیں۔ |
| **ٹرم 3: پیر 21 جولائی 2025 - جمعہ 19 ستمبر 2025** | |
| **جمعہ 25 جولائی 2025 تک** | داخلے کی درخواستوں کی آخری تاریخ - والدین اور کیئررز اس تاریخ تک گورنمنٹ پرائمری سکول کو اپنی مکمل کی ہوئی داخلہ درخواست دیں۔ |
| **پیر 28 جولائی اور جمعہ 8 اگست 2025 کے درمیان** | ڈیپارٹمنٹ کی داخلہ پالیسی کے مطابق، پرائمری سکول والدین اور کیئررز کو فاؤنڈیشن (پریپ) میں داخلے کے نتیجے سے تحریری طور پر مطلّع کریں گے۔ اس میں آفر کا خط، داخلے کی تصدیق کا خط یا درخواست کی نامنظوری کا خط شامل ہو سکتا ہے۔<br>جن والدین اور کیئررز کو درخواست کی نامنظوری کا خط ملے، وہ پرائمری سکول کو تحریری اپیل دینا شروع کر سکتے ہیں۔ |
| **جمعہ 22 اگست 2025 تک** | جن والدین اور کیئررز کو آفر کا خط ملے، وہ اس تاریخ تک اپنے بچے کا داخلہ قبول کریں |
| **جمعہ 22 اگست 2025 تک** | والدین اور کیئررز کے لیے پرائمری سکول کو تحریری اپیل دینے کا موقع اس تاریخ کو ختم ہو جائے گا۔ |
| **جمعہ 5 ستمبر 2025 تک** | پرائمری سکول اس تاریخ تک تمام والدین اور کیئررز کو ان کی اپیل کے نتیجے سے مطلّع کریں گے۔ |
| **جمعہ 19 ستمبر 2025 تک** | جن والدین اور کیئررز کی پرائمری سکول کو دی ہوئی اپیل ناکام ہو جائے، ان کے لیے متعلقہ ریجنل ڈائریکٹر کو تحریری اپیل دینے کا موقع اس تاریخ کو ختم ہو جائے گا۔ |
| **ٹرم 4: پیر 6 اکتوبر 2025 - جمعہ 19 دسمبر 2025** | |
| **ٹرم 4، 2025 کے دوران** | پرائمری سکول ٹرانزیشن سیشن (سکول کے آغاز کے متعلق سیشن) منعقد کریں گے۔ |
| **جمعہ 31 اکتوبر 2025 تک** | اس تاریخ تک ریجنز تمام والدین اور کیئررز کو ریجنل ڈائریکٹر کو دی ہوئی اپیلوں کے نتیجے سے تحریری طور پر مطلّع کریں گے۔ یہ صرف ان اپیلوں کے لیے کہا جا رہا ہے جو آخری تاریخ یعنی جمعہ 19 ستمبر 2025 تک مل چکی ہوں۔ |